ایم پی او ایکس (MPOX) ویکسین کی حقائقی شیٹ (فیکٹ شیٹ)

ایم پی او ایکس (MPOX)

ایم پی او ایکس (MPOX) (پہلے منکی پاکس کے نام سے جانا جاتا تھا)) ایک وائرس ہے جو بخار، سر درد، لمف غدود کی سوجن اور تھکاوٹ کا باعث بنتا ہے، جس کے بعد جلد پر خارش اور چھالے پڑتے ہیں۔ یہ عام طور پر کسی ایسے شخص کے ساتھ بہت قریبی رابطے سے پھیلتا ہے جو ایم پی ایکس (MPOX) سے متاثر ہے۔

ویکسین کا عمومی جائزہ

اموامیون (Imvamune®) ویکسین:

- ایم پی او ایکس (MPOX) کے خلاف تحفظ کے لیے کینیڈا میں منظور شدہ ہے۔
- محفوظ اور موثر ہے۔
- وائرس سے سامنا ہونے سے پہلے استعمال کی جا سکتی ہے (پری ایکسپوژر پروفیلیکسس- PrEP) یا سامنا ہونے کے بعد 14 دنوں کے اندر (پوسٹ ایکسپوزر پرروفیلیکسس- PEP)۔
- کسی ایسے شخص کو بھی دی جا سکتی ہے جس نے ماضی میں اسمال پاکس کی ویکسین لی تھی۔
- بازو کے اوپری حصے میں پٹھوں کے اوپر چربی کی تہہ میں اسے انجیکٹ کیا جاتا ہے۔
- اسمال پاکس کی ویکسین کے پرانے ورژن کی طرح کا نشان نہیں چھوڑتی۔
- آپ کے مدافعتی نظام کو ایم پی او ایکس (MPOX) وائرس کو پہچاننا اور اس سے لڑنا سکھاتی ہے۔
- ویکسینیشن کے بعد آپ کو تحفظ فراہم کرنے میں دو ہفتے لگتے ہیں۔
- ترمیم شدہ وائرس پر مشتمل ہے اور آپ کو بیمار نہیں کر سکتی۔

ویکسین مفت ہے اور اہل لوگوں کے لیے دستیاب ہے۔ آپ کو ID یا OHIP کی ضرورت نہیں ہے۔

ویکسین کی اہلیت

اونٹاریو کی وزارت صحت (اونٹاریو منسٹری آف ہیلتھ) کے رہنما خطوط کی بنیاد پر، ویکسین کی ایک خوراک درج ذیل اہل گروپس کو دی جا رہی ہے:

- پری ایکسپوژر پروفیلیکسس (PrEP) کے لیے:

a) ٹو- اسپریٹڈ (Two-Spirited)، غیر- ثنائی، ٹرانس جینڈر مرد اور خواتین یا ، سیس-جینڈرافراد جو خود کو اس طور پر شناخت کرتے ہیں، یا ایسے جنسی شراکت دار ہیں جو خود کو ہم جنس پرست، دو جنسی، اور جنسی تعلق رکھنے والے دوسرے مرد جو مردوں (gbMSM) کی کمیونٹی کے ساتھ جنسی تعلق رکھتے ہیں اور درج ذیل میں سے کم از کم ایک ان پر لاگو ہوتا ہے:

- پچھلے 2 مہینوں میں جنسی طور پر منتقل ہونے والا انفیکشن (STI) ہوا تھا، جیسے کلیمائڈیا، سوزاک، یا آتشک؛
- حال ہی میں 2 یا اس سے زیادہ جنسی ساتھی تھے یا ہو سکتا ہے اس کا منصوبہ بنا رہے ہوں؛
- حال ہی میں کسی غسل خانہ(bathhouse)، سیکس کلب یا جنسی رابطے کے لیے اسی طرح کی جگہ میں شرکت کی ہے یا شائد اس کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں، یا جو ان میں کام/رضاکارانہ کام کرتے ہیں؛
- حال ہی میں گمنام/اتفاقیہ جنسی تعلقات تھے یا ہو سکتا ہے کہ ایسا کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہوں بشمول آن لائن ڈیٹنگ یا ہک اپ ایپس (hookup apps) کا استعمال کرنے کی منصوبہ بندی ؛
- کسی ایسےفرد سے جنسی رابطہ ہے جو جنسی کام میں شامل ہوتاہے۔

b) وہ ا فراد جو جنسی کام میں شامل ہوتے ہیں یا شائد اس کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔

c) وہ افراد جوایسے افراد کےگھریلو اراکین ہیں یا ایسے لوگوں کےجنسی شراکت دار ہیں جو اوپر کے معیار پر پورا اترتے ہیں اور جو یا تو a) اعتدال سے لے کر شدید طور پرمدافعتی نظام کی کمزور ی میں مبتلا ہیں یا b) حاملہ ہیں، وہ اپنے صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے سے مشورہ کرنے کے بعد PrEP حاصل کر سکتے ہیں۔

- پوسٹ ایکسپوژر پروفیلیکسس (PEP) کے لیے:
  - جن لوگوں کا، ان کے علم کے مطابق، ایم پی او ایکس (MPOX) میں مبتلا کسی شخص سے سامنا (ایکسپوژر)/قریبی رابطہ ہوا ہے، انہیں پی ای پی (PEP) کے طور پر 4 دن کے اندر ویکسین لگوانی چاہئے، لیکن آخری ایکسپوژر کے بعد 14 دن تک یہ ویکسین حاصل کر سکتے ہیں۔

اونٹاریو کی وزارت صحت (اونٹاریو منسٹری آف ہیلتھ) کے رہنما خطوط کی بنیاد پر، درج ذیل اہل گروپس کو ویکسین کی دو خوراکیں 28 دنوں کی دوری میں دی جا سکتی ہیں:

- وہ افراد جو PrEP کے لیے صوبائی اہلیت کے معیار پر پورے اترتے ہیں اور اعتدال سے لے کرشدید طور پرمدافعتی نظام کی کمزوری کا شکار ہیں۔ ان کو دوسری خوراک حاصل کرنے کے لیے صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کی طرف سے ایک حوالہ خط یا دوائیوں کا ثبوت درکار ہے۔
- ریسرچ لیبارٹری (Research laboratory) کے ملازمین جو آرتھوپاکس وائرسز (orthopoxviruses) کی نقل تیار کرنے کے لئےبراہ راست کام کرتے ہیں۔ یہ مکمل شدہ فارم فراہم کرنا ضروری ہے۔

یہ جاننے کے لیے کہ آیا آپ PrEP یا PEP کے اہل ہیں، صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے یا ٹورنٹو پبلک ہیلتھ سے رابطہ کریں۔

ضمنی اثرات اور خطرات

دیگر ویکسینز کی طرح، یہ ویکسین کچھ ضمنی اثرات کا سبب بن سکتی ہے۔ زیادہ تر ہلکے سے لے کر اعتدال پسند ہوتے ہیں، اور7 دنوں کے اندر خود ہی چلے جاتے ہیں۔ عام ضمنی اثرات میں شامل ہیں:

- انجکشن کی جگہ پر لالی، درد یا سوجن
- تھکاوٹ محسوس کر نا
- سر درد
- پٹھوں میں درد
- متلی

اگر آپ کو ویکسین لگوانے کے بعد ان علامات میں سے کوئی بھی علامات ہیں تو، صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے سے رابطہ کریں یا قریبی ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں جائیں

- چھتے
- چہرے یا منہ کی سوجن
- سانس لینے میں دشواری یا سانس کی قلت
- سینے میں درد یا دل کا تیزی سے دھڑکنا

ویکسین لگوانے سے پہلے کسی ہیلتھ کیئر پرووائیڈر سے بات کریں، اگر آپ:

- آپ کو ویکسین کے اجزاء میں سے کسی سے الرجی ہے بشمول: ٹریس/ٹرومیتھامین (Tris/tromethamine)، بروموبوٹیل (bromobutyl)، بینزونیز (benzonase)، چکن پر وٹین (chicken protein) ، انڈا، جینٹامیسن (gentamicin) اور سیپروفلوکسین (ciprofloxacin)۔
- کسی اور قسم کے اسمال پاکس/ ایم پی او ایکس (MPOX) ویکسین پر کوئی سنگین رد عمل ہوا تھا۔
- دوسری ویکسین حاصل کرنے سے4 ہفتے پہلے یا بعد میں ، ایموا میون (Imvamune) ویکسین حاصل کر رہے ہیں۔
- 18 سال سے کم عمر کے ہیں۔
- حاملہ ہیں یا دودھ پلا رہی ہیں۔
- کمزور مدافعتی نظام ہے بشمول اعضاء کی پیوند کاری یا کم/نامعلوم CD4 شمار کے ساتھ (HIV)۔

اگر آپ کو COVID-19 کی کوئی علامات ہیں، اور/یا آپ کو خود ساختہ تنہائی اختیار کرنے (self-isolation) کی ضرورت ہے تو ویکسین لگوانے کے لئے انتظار کریں۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو ایم پی او ایکس (MPOX) ہے، تو یہ ضروری ہے کہ فوراً الگ ہو جائیں اور صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے سے رابطہ کریں۔ اس وقت، جن لوگوں کو ایم پی او ایکس (MPOX) ہے یا ہو چکا ہے ،وہ ویکسین کے اہل نہیں ہیں۔

مزید معلومات کے لیے: صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے سے بات کریں یا **toronto.ca/MPX** ملاحظہ کریں